
یونٹ 3

# بہادروں



روح کے
پھل سے

درمیان


## درمیان

طالب علموں کی کتابیں





## بہادر بنیں...

مجھے اور آپ کو لازمی روح کے پھل سے زندگی گزاریں اور روزآنہ اپنے سے لڑیں۔
یہ آسان کام نہیں ہے اور اس کے لئے کوشش کرنا پڑتی ہے، وقت لگانا پڑتا ہے، پسینہ بہانا پڑتا ہے اور سخت ٹریننگ کرنا پڑتی ہے۔




ہر ہفتے اس میں کلاس میں آئیں اپنا کام کرنے ، ٹریننگ کرنے اور اپنے کو چ سے سیکھنے۔ آیات یاد کرنا سیکھیں، انجیل کی کہانیاں سنیں اور مدد حاصل کریں کہ کیسے آپ اپنے دل اور زندگی کی لڑائیوں میں گناہ کو ناک آؤٹ کرسکتے ہیں۔



پھر پورے ہفتے کے دوران رنگ میں جائیں اس طرح کہ آپ کا سیکھا ہوا ہر سبق اپنی حقیقی زندگی میں ڈالیں۔ ہروقت آپ اپنے گھر کے کام کی اسائنمنٹ عنوان"رنگ میں" کریں آپ نے ایک زبردست مکا گناہ پر ماریں۔


## لڑائی جاری رکھیں اور آپ مقابلہ جیت سکتے ہیں اور بنیں گے ایک بہادر!





# ایمانداری بمقابلہ بُت پرستی

اِنجیل کہانی: طابوتِ سکینہ (صندوق) پکڑ لیا جاتا ہے


1سیموئیل 1:5-12، 6، 3:7






یاد کرنے کی آیت:
"تُو اپنے لِئے کوئی تراشی ہُوئی مُورت نہ بنانا۔ نہ کِسی چِیز کی صُورت بنانا جو اُوپر آسمان میں یا نِیچے زمِین پر یا زمِین کے نِیچے پانی میں ہے۔" خروج 4:20



## اکھاڑے میں

کسی ایسی سرگرمی کا انتخاب کریں جس میں حصہ نہ لینا ہو کیوں کہ اس میں ممکنہ طور پر بُت پرستی ہوسکتی ہے۔ ہوسکتا ہے یہ اپنے جوتے اتارنے کی روایت ہو، ایک ایسی پریڈ ہو جس میں حصہ نہ لینا ہو، ایک ایسا کھیل ہو جس میں حصہ نہ لینا ہو یا اس وقت پھول نہ خریدنے ہوں جب دوسرے خرید رہے ہوں۔




## ایمانداری بمقابلہ بے وفائی


انجیل کہانی: سدرک، مشک اور عبدنیگو

دانیال 3:1-21

یاد کرنے کی آیت:
”اَے خُداوند! مُجھ کو اپنی راہ کی تعلِیم دے۔ مَیں
تیری راستی میں چلُوں گا۔
میرے دِل کو یکسُوئی بخش تاکہ تیرے نام کا
خَوف مانُوں۔“ زبور 86:11











## اکھاڑے میں


اس ہفتے کسی وقت کا تعین کریں  اور سکول یا اپنی کمیونٹی میں علی الاعلان یہ اعتراف کریں کہ آپ مسیح  ہیں اور یہ کہ آپ یسوع مسیح پر یقین رکھتے ہیں۔ اس کے بعد، اس چیز سے لطف اندوز ہوں کہ آپ  اپنے ساتھیوں کے دباؤ کا سامنے کرنے کے باوجود چھوٹے فریق کے ساتھ وفادار رہے تھے۔

# ایمانداری بمقابلہ ہچکچاہٹ

انجیل کہانی: خدا سموئیل کو بلاتا ہے


1سموئیل 3:1-21





یاد کرنے کی آیت:
"اب اِیمان اُمّید کی ہُوئی چِیزوں کا اِعتماد اور اَن دیکھی چِیزوں کا ثبُوت ہے۔" عبرانیوں کے نام 1:11







## اکھاڑے میں




خدا سے کہیں کہ وہ اس ہفتے آپ سے بات کرے اور آپ کے ذمہ کوئی کام لگائے۔ ہچکچاہٹ کے بغیر فوری طور پر تعمیل کرنے کی مشق کریں۔ اگر آپ بھول جاتے ہیں اور انتظار کرتے رہتے ہیں تو خدا سے درخواست کریں کہ وہ آپ کے ذمہ کوئی اور کام لگائے۔



## ایمانداری بمقابلہ نافرمانی

اِنجیل کہانی: کنعان میں جاسوس

اعداد 13:1-3,17-33,14:1-11









یاد کرنے کی آیت:

”مُوسیٰؔ نے کہا تُم کیوں اب خُداوند کی حُکم عدُولی کرتے ہو؟ اِس سے کوئی فائِدہ نہ ہو گا۔ “اعداد 14:41



## اکھاڑے میں

اس ہفتے کرنے کے لیے  خدا کی طرف سے دیے گئے دو کاموں کا انتخاب کریں۔ پہلا کام ایسا ہو جس کے بارے میں خدا نے  نہ کرنے کا حکم دیا ہو اور  دوسرا وہ ہو جس کےبارے میں خدا نے کرنے کا حکم دیا ہو۔  دونوں صورتوں میں خدا کی فرماں برداری کریں اور نافرمانی کے خلاف فتح حاصل کریں۔






# افرمانی بمقابلہ روک کر رکھنا

انجیل کہانی: ابراہیمؑ اور اسحاقؑ

پیدائش 22:1-18











یاد کرنے کی آیت:
"اور بغَیر اِیمان کے اُس کو پسند آنا
نامُمکِن ہے۔ اِس لِئے
کہ خُدا کے پاس آنے والے کو اِیمان لانا
چاہئے کہ وہ مَوجُود
ہے اور اپنے طالِبوں کو بدلہ دیتا ہے۔"
عبرانیوں کے نام 11:6

## اکھاڑے میں




کیا اس ہفتے کوئی ایسی چیز ہے جو خدا آپ کو ترک کرنے کا حکم دے رہا ہو؟ اس چیز کے بارے میں سوچنے کےلیے کچھ وقت صرَف کریں، اور پھر خدا سے دعا کریں کہ وہ آپ کو وہ چیز عارضی طور پر ترک کردینے کی طاقت عطا کرے۔ یہ چائے، فیس بک یا پسندیدہ کھانا ہوسکتا ہے۔ اس لڑائی کو جیتنے کے لیے ، اس چیز کو پورے ہفتے کے لیے ترک کرنے کا انتخاب کریں۔


# ایمانداری بمقابلہ بے اعتباری

انجیل کہانی: نوحؑ اور کشتی

پیدائش: 12-1:7,22-1:6,32:5




یاد کرنے کی آیت:
”بلکہ کوئی کہہ سکتا ہے کہ تُو تو اِیمان دار ہے اور مَیں عمل کرنے والا ہُوں۔ تُو اپنا اِیمان بغَیر اَعمال کے تو مُجھے دِکھا اور مَیں اپنا اِیمان اَعمال سے تُجھے دِکھاؤُں گا۔“ یعقوب 18:2






## اکھاڑے میں


اپنی زندگی کے اس شعبہ کا انتخاب کریں جو خدا کے لیے قابل بھروسہ ہو۔ اس ہفتے کے کسی دن خدا کے لیے کوئی کام کرنے کا انتخاب کریں ، اور اس میں قابل بھروسہ ہونے کو یقینی بنائیں۔ جب آپ یہ کام مکمل کرلیں تو کسی اور دن کےلیے کسی اور وعدے کا انتخاب کریں ۔ اپنے وعدے کو پورا کرنے کو یقینی بنائیں۔




# ایمانداری بمقابلہ شک

انجیل کہانی: یسوع مسیحؑ تھومس کے سامنے ظاہر ہوا

یوحنا 20:24-31



یاد کرنے کی آیت:
”یِسُوعؔ نے اُس سے کہا تُو تو
مُجھے دیکھ کر اِیمان
لایا ہے۔ مُبارک وہ ہیں جو
بغَیر دیکھے اِیمان لائے۔“
یوحنا 20:29







## اکھاڑے میں




اس ہفتے کسی ایسے کام کے بارے میں خدا پر یقین کریں جس کا اس نے آپ سے وعدہ کیا اور وہ بظاہر ناممکن دکھائی دیتا ہے۔ خدا کو بتائیں کہ آپ اس کا وعدہ پورا کرنے تک انتظار کریں گے۔ انتظار کے لیے اپنی رضامندی کی وضاحت کرنے کے لیے کسی لائن میں جا کر کسی ایسی لائن میں کھڑے ہوجائیں جہاں آپ کو کھڑے ہونے کی ضرورت نہیں! آپ نے قطار میں جتنی دیر کے لیے انتظار کیا وہ وقت تحریر کرلیں تاکہ آپ اپنے کوچ کو اس بارے میں رپورٹ دے سکیں۔

# شائستگی (نرم دِلی) بمقابلہ لڑائی (اختلاف رائے)




انجیل کہانی: ابراہیمؑ اور لوطؑ علیحدہ

پیدائش 13:1-18






یاد کرنے کی آیت:
”یعنی کمال فروتنی اور حِلم کے ساتھ تحمُّل کر کے
مُحبّت سے ایک دُوسرے کی برداشت کرو۔“
افسیوں 4:2





## اکھاڑے میں



جب آپ کسی چیز کے بارے میں اختلا ف رائے کریں تو دوسرے شخص کو جیتنے کا موقع دیں۔ آپ اتفاق نہ کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں لیکن اس معاملے سے متعلق دوسرے شخص سے لڑنا چھوڑیں۔ دوسروں کو اپنی رائے کا اظہار کرنے دیں۔







## شائستگی (نرم دلی) بمقابلہ روایات

انجیل کہانی: پاک و ناپاک

متی 20-1:15






یاد کرنے کی آیت:

”تُم نہ یہُودیوں کے لِئے ٹھوکر کا باعِث بنو نہ یُونانیوں کے لِئے
نہ خُدا کی کلِیسیا کے لِئے۔ چُنانچہ مَیں بھی سب باتوں میں سب
کو خُوش کرتا ہُوں اور اپنا نہیں بلکہ بُہتوں کا فائِدہ ڈھُونڈتا ہُوں
تاکہ وہ نجات پائیں۔“ 1 کرنـ ط 33-32:10



## اکھاڑے میں


اپنی روایات میں سے کسی ایک کے حوالے سے کسی شخص کے ساتھ رحمدلی سے پیش آئیں۔ اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ روایت توڑنے والوں کے ساتھ مفاہمت کریں اور اس بارے میں کوئی تبصرہ نہ کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی کو رنجیدہ نہ کریں ، یا پھر اس کام کی غرض سے سب کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائیں۔




## شائستگی (نرم دِلی) بمقابلہ تلخی

انجیل کہانی: قائن اور ہابل


پیدائش: 4:1-16



یاد کرنے کی آیت:

”ہر طرح کی تلخ مِزاجی اور قہر اور غُصّہ اور شور و غُل اور بدگوئی ہر قِسم کی بدخواہی سمیت تُم سے دُور کی جائیں۔ “ افسیوں کے نام 4:31









## اکھاڑے میں

کسی ایسے شخص کا انتخاب کریں جس کے ساتھ آپ غصہ میں ہیں، اور اُسے معاف کردیں۔ ایک لمحہ کےلیے دعا مانگیں اور بلند آواز سے کہیں، "میں تمہیں معاف کرتا ہوں"۔

# خود پر قابُو بمقابلہ بہکاوے

اِنجیل کہانی: یسوعؑ کو بہکایا جاتاہے

متی 4:1-11



یاد کرنے کی آیت:

”تُم کِسی اَیسی آزمایش میں نہیں پڑے جو اِنسان کی برداشت سے باہر ہو اور خُدا سچّا ہے۔ وہ تُم کو تُمہاری طاقت سے زِیادہ آزمایش میں نہ پڑنے دے گا بلکہ آزمایش کے ساتھ نِکلنے کی راہ بھی پَیدا کر دے گا تاکہ تُم برداشت کر سکو۔“

1 کُرنتھیوں کے نام خط 13:10






## اکھاڑے میں

بہکاوے کے خلاف مزاحمت کریں اور اگر ممکن ہو تو یسوعؑ کی طرح صحیفے کا استعمال کریں۔ اپنی خواہشات پر قابو پائیں، اور اپنے آپ کو بہکاوے میں آجانے سے بچائیں۔


# خُود پر کنٹرول بمقابلہ جُھوٹ

انجیل کہانی: یعقوبؑ نے عسیو کی برکت چرا لی

پیدائش: 27:1-36




یاد کرنے کی آیت:
”جُھوٹی زُبان اُن کا کِینہ رکھتی ہے جِن کو اُس نے گھایل کِیا ہے اور چاپلُوس مُنہ تباہی کرتا ہے۔“
امثال26:28






## اکھاڑے میں


ہر کوئی جھوٹ بولتا ہے  اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو اگرچہ بہت تھوڑا جھوٹ بولتے ہیں۔  اس جھوٹ کو یاد کریں جو آپ نے اس سال بولا۔ اس شخص کے پاس جائیں، اسے سچ بتائیں  اور  یہ بھی کہ آپ جھوٹ بولنے پر اس سے معذرت خواہ ہیں۔



# خود پر قابو بمقابلہ کاہلی (سُستی)

اِنجیل کہانی: ذہین اور بیوقوف معمار

متی 7:24-27



یاد کرنے کی آیت:
"پس جو کوئی بھلائی کرنا جانتا ہے اور نہیں
کرتا اُس کے لِئے یہ گُناہ ہے۔" یعقوب کا خط 17:4









## اکھاڑے میں

اس ہفتے اپنی سستی کے خلاف لڑیں اور کرنے کے لیے کسی ایسے کام کا انتخاب کریں جو آپ نہیں کرنا چاہتے۔
اسے مکمل کرنے کو یقینی بنائیں اور اپنی گواہی کسی دوست کے ساتھ شیئر کریں۔



اپنے سونے کے
کمرے یا اپنے گھر
کی صفائی کے
بارے میں دعا نہ
کریں۔

یہ(کام ) کریں۔

"لیکن کلام پر عمل کرنے والے بنو نہ محض
سُننے والے جو اپنے آپ کو دھوکا دیتے ہیں۔"
یعقُوب22:1

Equip & Grow
بچے اہم ہیں

www.childrenareImportant.com
info@childrenareimportant.com
WhatsApp: +52 1 55 4219 0047
+52 1 55 1573 2969

Champions Medium
Urdu
20021